© rasailojaraid.com



اور سیاسی نظام اور اس کے مختلف پہلوؤں پر مولانا ابوالکلام آزاد، سرسید، مولانا شبلی۔ مولوی چراغ علی پروفیسر آرنلڈ۔ مولانا محمد حفظ الرحمن وغیرہم قدیم وجدید مصنفین کے چیدہ چیدہ مضامین و مقالات کا انتخاب ہو۔ انتخاب کرتے وقت فاضل مرتب نے ان جدید معاملات و مسائل کو پیش نظر رکھا ہے جو فلسفہ اور سائنس کی غیر معمولی ترقی اور اس کے تہذیبی و تمدنی اثرات کی وجہ سے مسلمانوں کو درپیش ہیں۔ یہ موصوف کی وسعت نظر اور حسن ذوق کی دلیل ہو اور اس بنا پر یہ اس لائق ہو کہ اسکولوں اور کالجوں کے اسلامی تعلیمات کے مضامین میں شامل کیا جائے۔

**سیرت رسول کریمؐ** از مولانا محمد حفظ الرحمن سیوہاروی۔ تقطیع خورد ضخامت ۳۰۶ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت چار روپیہ۔ پتہ:۔ الجمعیۃ بکڈپو۔ گلی قاسم جان۔ دہلی ملا

یہ کتاب مولانا کی اب سے کم و بیش تیس برس پہلے کی تصنیف ہو۔ قبول عام کی وجہ سے بہت سے اسلامی مدارس اور اسکولوں کے نصاب میں برابر شامل رہی ہے اور اب تک اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ یہ اس کا آخری ایڈیشن ہے جو مولانا کی نظر ثانی اور بعض مضامین کے اضافہ کے ساتھ بڑی آب و تاب سے شائع کیا گیا ہے۔ سیرت پر چھوٹی بڑی سیکڑوں کتابیں اردو میں نکل چکی ہیں اور یہ سلسلہ برابر جاری ہے اور جاری رہے گا۔ مگر اس کی خصوصیات یہ ہیں (۱) ہر عنوانِ باب کے نیچے اور اس کے مناسبِ حال قرآن مجید کی آیات اور احادیث نقل کی ہیں تاکہ قاری کے ذہن پر نفسیاتی طور سے یہ اثر ہو کہ وہ جو کچھ پڑھ رہا ہو اس کا اصل سرچشمہ قرآن و حدیث ہے (۲) ہر مضمون کے خاتمہ پر اس کا خلاصہ اور اس سے متعلق سوالات لکھے ہیں تاکہ قاری نے جو کچھ پڑھا ہے وہ اس کے ذہن میں مستحضر ہو جائے (۳) سیرت مبارکہ کے صرف واقعات بیان کرنے پر قناعت نہیں کی گئی بلکہ ضمناً جو مباحث پیدا ہوتے گئے ہیں ان پر بھی مختصر مگر جامع اور سنجیدہ بحث کی گئی ہے (۴) شروع میں ایک مقدمہ ہے جس میں تاریخ کی اہمیت و ضرورت، اس کے ماخذ اور پھر تاریخ عالم میں سیرت کی اہمیت اور اس کے فوائد پر روشنی ڈالی گئی ہو۔ امید ہے کہ ان خوبیوں کے ساتھ ظاہری دیدہ زیبی کے باعث یہ ایڈیشن پہلے ایڈیشنوں سے بھی زیادہ مقبول عوام و خواص ہوگا۔

"مکتبہ برہان" اردو بازار جامع مسجد دہلی ملا سے بھی یہ کتاب ملے گی۔



© rasailojaraid.com